نمبر- 4.17

انتظامی حکم

ریاست نیویارک میں نگہداشتِ صحت کے عملے کی کمی کی وجہ سے پوری ریاست میں آفات کی ایمرجنسی کے اعلان کو جاری رکھنا

جبکہ، ہسپتالوں اور صحت کی دیگر سہولیات میں عملے کی کمی ہے اور یہ کمی برقرار رہنے کی توقع ہے؛

جبکہ، ہسپتالوں اور دیگر نگہداشت صحت کی سہولت گاہوں میں شدید کمی کی وجہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ فوری نگہداشت فراہم کرنے اور شدید زدپذیر آبادیوں کی خاطرخواہ خدمت کرنے کی صلاحیت کو متاثر کرتے رہیں گے؛

جبکہ، عملے میں اضافے کی فوری اور اہم ضرورت ہے تاکہ ہسپتالوں اور نگہداشت صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے نگہداشت کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے؛

لہٰذا، اب، میں، Kathy Hochul، ریاست نیویارک کی گورنر، ریاست نیویارک کے آئین اور ریاست نیویارک کے قوانین کے ذریعے مجھے تفویض کیے گئے اختیار کی بنا پر، انتظامی حکم 4 میں بیان کردہ کے مطابق، ریاستی ڈیزاسٹر ایمرجنسی کی صورتِ حال میں توسیع کرتی ہوں، جیسا کہ اس کے بعد کے احکامات میں جاری رکھا گیا ہے، اور انتظامی حکم 4 اور اس کے بعد کے احکامات میں بذریعہ ہٰذا شرائط، ضوابط اور معطلیوں کو 21 فروری 2023 تک جاری رکھا جائے گا۔

سال دو ہزار تیئس میں آج جنوری کے بائیسویں دن البانی
شہر میں میرے دستخط اور ریاست کی مجاز
مہر کے تحت جاری کیا گیا ہے۔

منجانب گورنر

سیکرٹری از گورنر